© rasailojaraid.com


قسط : ۲

تعزیتی پیغامات سے اقتباسات

## استاذ دارالعلوم حقانیہ

# حضرت مولانا عبدالحلیم مرحوم

★

★ آج ملک کے گوشے گوشے میں مادرِ علمی کے تربیت یافتہ جاں بلب سینہ بریاں چشم گریاں ہیں کہ مادرِ علمی کا ستون علم و تقویٰ گنج اخلاق و سلوک شیخ المعقولات والمنقولات پدر روحانی استاذ کل صدر المدرسین دارالعلوم حقانیہ حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب ہم سے ہمیشہ کے لئے ایسے حالات میں جدا ہو رہے ہیں کہ علماء حق کا قافلہ پارہ پارہ ہے۔ معاون علوم ایک ایک ہو کے مدفون کئے جا رہے ہیں۔ زرخیز زمین علماء ربانی کی سے بنجر ہو رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ صدر صاحب کو جنت الفردوس عطا فرما کر جملہ متعلقین مادرِ علمی کو صبر جمیل سے نوازے۔ آمین

مولانا محمد اسحاق حقانی۔ دارالعلوم عربیہ ٹل

★ حضرت استاد کی وفات پر ہم سب یتیم ہو گئے۔ مدرسہ میں اساتذہ و طلبہ نے حضرت مرحوم کے لئے ایصال ثواب کیا۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائیں اور حضرت مرحوم کو کروٹ کروٹ اپنی مخصوص رحمتوں سے نوازیں۔ آمین

قاضی فضل دیان۔ دارالعلوم تعلیم القرآن عمرزئی

★ جب وہ جناح ہسپتال کراچی میں زیر علاج تھے تو بندہ دو دفعہ ان کی خدمت میں حاضر ہوا تھا۔ اس حادثہ نے بندہ کو نیم جان کر دیا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو مغفرت فرما کر درجات عالیہ نصیب فرمائیں۔ آمین

محبوب اللہ۔ ناظم آباد۔ کراچی

★ حضرت مولانا صاحب جیسے عظیم شخصیت کی موت صرف پاکستان نہیں بلکہ تمام عالم اسلام کے لئے باعث تکلیف اور ناقابلِ تلافی نقصان ہے۔ فرخ سیر از دوبئی

★ حضرت مولانا صاحب کی وفات کی جان لیوا اور دل گداز اطلاع وطن سے دور دیارِ غیر میں پہنچی۔ اس جان کاہ خبر سے دل پر جو گذری سو گذری اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں جگہ دیں۔ روح الامین حقانی۔ لندن



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



★ ایک قیامت خیز واقعہ ہے۔ آپ علوم نبویہ کے امین اور چمن اسلام کے محافظ و نگہبان تھے

محمد فاروق حقانی۔ غوریوالا۔ ضلع بنوں

★ ان کی وفات اس پُرفتن دور میں عالم اسلام کے لئے ایک عظیم المیہ ہے اللہ تعالیٰ حضرت کی علمی و دینی خدمات قبول فرما کر جوارِ رحمت میں ان کو اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ محمد نعیم حقانی دارالعلوم تعلیم القرآن۔ طوطہ کان ملاکنڈ ایجنسی

★ ریڈیو پر اپنے عظیم المرتبت استاد اور شفیق مربی کی وفات کی خبر سنی، اللہ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

امان اللہ حقانی یعقوبی ضلع مردان

★ ایصال ثواب بحمدہ الکریم جاری ہے اور مدرسہ انوار القرآن میں ختم قرآن بھی۔ ہمیں ان کی مسلم شریف کی تلاوت اور اس پر خداداد فہم و بصیرت سے تشریح و تفہیم ہمیشہ یاد رہے گی۔ ان کی برکات و حسنات کا کیا ٹھکانا ہے۔ امید ہے کہ یہی امور ان کے لئے ذخیرہ نجات و سعادت بنیں گے۔ احمد عبدالرحمن صدیقی حقانی نوشہرہ

★ حضرت مرحوم کی وفات حسرت آیات پر بشمول بندہ کے ان کے ہزاروں تلامذہ تعزیت کے مستحق ہیں۔

عبدالحکیم اکبری حقانی۔ دارالعلوم نعمانیہ۔ ڈیرہ اسماعیل خان

★ میں کس سے تعزیت کروں میں خود تعزیت کا مستحق ہوں۔ اس اندوہناک سانحہ نے تمام حقانی برادری کو یتیم کر دیا۔ فصبر جمیل۔ اللہ تعالیٰ حضرۃ الاستاذ کی نصف صدی پر مشتمل دینی و علمی خدماتِ گراں مایہ کو اپنے دربار عالیہ میں بھرپور شرفِ قبولیت سے نوازے۔ آمین۔ مولانا عنایت اللہ حقانی۔ پشاور یونیورسٹی

★ حضرت مولانا مرحوم و مغفور نے تو تمام امتِ مسلمہ کو یتیم چھوڑ دیا۔ خداوند کریم مرحوم و مغفور کو اپنی جوارِ رحمت سے نوازتے ہوئے ان کی روح مبارک کو علیین اور جنت خلد و فردوس میں مرافقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عطا فرمائے۔ آمین۔ عطاء الرحمن۔ بریڈفورڈ لندن

★ ایسی برگزیدہ ہستیاں صدیوں بعد پیدا ہوا کرتی ہیں۔ خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو حضرت مرحوم کی صحبت سے فیض یاب ہوئے۔

چاند بادشاہ۔ ولی الرحمن۔ کرالی لندن

★ حضرت کی وفات حسرت آیات کی خبر سن کر نہایت صدمہ ہوا۔ (مولانا) عبدالرحمن ناظم جامعہ اسلامیہ راولپنڈی

★ مدرسہ میں ایصال ثواب کے لئے قرآن پاک کی تلاوت جاری ہے اللہ تعالیٰ ہمارے شفیق استاد کو جنت الفردوس میں عطا فرمائے۔

حافظ ابن یامین۔ تعلیم القرآن۔ نصرتی

★ اس افسوسناک خبر پر ہم صرف یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ صرف ان کی موت نہیں بلکہ یہ تمام عالم اسلام کی موت ہے اللہ تعالیٰ ان کو مغفرت نصیب فرمائے۔ آمین

شمس الحق حنیف اچھرہ۔ لاہور



© rasailojaraid.com